✔MetroPlusHealth

50 Water St., 7th Floor • New York, NY 10004
1.800.303.9626 • TTY: 711 • metroplus.org

اضافی خدمات کو شامل کرنے کے لیے آپ کی ممبر ہینڈ بک کو تبدیل کر دیا گیا ہے

1 جنوری 2025 سے شروع ہونے کے بعد، آپ اپنے علاقائی سوشل کیئر نیٹ ورک (SCN) کے ذریعے اپنی کمیونٹی میں موجود ایسی تنظیموں سے رابطہ کر سکتے ہیں جو رہائش، خوراک، ٹرانسپورٹ اور دیکھ بھال کے انتظام میں مدد کے لیے بغیر لاگت سروسز فراہم کرتی ہیں۔

- اس SCN کے ذریعے، آپ اور آپ کا بچہ ایک سوشل کیئر نیویگیٹر سے مل سکتے ہیں، جو ایسی سروسز کے لیے آپ کی اہلیت کی جانچ کر سکتا ہے جن سے آپ کی صحت اور تندرستی میں مدد کر سکتی ہیں۔ یہ دیکھنے کے لیے کہ آپ کو کہاں اضافی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے، وہ آپ سے کچھ سوالات پوچھیں گے۔

- اگر آپ یا آپ کا بچہ سروسز کے لیے اہل ہوں، تو سوشل کیئر نیویگیٹر آپ کے ساتھ مل کر آپ کے لیے آپ کی مطلوبہ مدد حاصل کر سکتا ہے۔ آپ اپنی صورتحال کے لحاظ سے ایک سے زیادہ سروسز کے لیے بھی اہل ہو سکتے ہیں۔ ان خدمات میں شامل ہیں:

  - رہائش اور یوٹیلیٹی بلوں میں مدد:
    - اپنے گھر کو قابل رسائی اور محفوظ بنانے کے لیے ریمپ، ہینڈریلز اور گریب بارز جیسی گھریلو مددگار چیزیں لگوانا۔
    - آپ کے گھر میں پھپھوندی وغیرہ کو بڑھنے سے روکنے کے لیے پانی کے رساؤ کو ٹھیک کرنا اور درست کرانا۔
    - آپ کے گھر میں کیڑوں کو داخل ہونے سے روکنے کے لیے سوراخوں اور شگافوں کو سیل کرنا۔
    - آپ کے گھر میں ہوا کے گزر کو بہتر بنانے میں مدد کے لیے ایئر کنڈیشنر، ہیٹر، ہیومیڈیفائر یا ڈی ہومیڈیفائر وغیرہ فراہم کرنا۔
    - کمیونٹی میں محفوظ اور مستحکم رہائش تلاش کرنے اور درخواست دینے میں آپ کی مدد کرنا۔

  - غذائیت میں مدد:
    - غذائیت کے ماہر سے مدد حاصل کرنا جو آپ کی صحت کی ضروریات اور اہداف کو پورا کرنے کے لیے صحت بخش کھانوں کے انتخاب میں آپ کو رہنمائی اور مدد فراہم کرے گا۔
    - چھ (6) ماہ تک آپ کے گھر پر کھانے پینے کی تیار شدہ اشیاء، تازہ پیداوار یا گروسری کی اشیاء پہنچانا۔ کھانے پینے کی یہ اشیاء آپ کی صحت کی مخصوص ضروریات کے مطابق ہوں گی۔
    - کھانا پکانے کے لیے برتن، پین، مائیکروویو، ریفریجریٹر اور اسی طرح کی دیگر اشیاء فراہم کرنا۔

  - ٹرانسپورٹیشن سروسز:
    - SCN کی طرف سے منظور شدہ جگہوں تک پہنچنے کے لیے عوامی یا نجی ٹرانسپورٹ تک رسائی میں آپ کی مدد کرنا مثلاً: ملازمت کے انٹرویو میں جانا، والدین کی کلاسز میں جانا، مقامی فارمرز مارکیٹس میں جانا، بے دخلی کو روکنے کے لیے ہاؤسنگ کورٹ اور اہم دستاویزات حاصل کرنے کے لیے سٹی یا اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کے دفاتر میں جانا۔

  - دیکھ بھال کے انتظام کی سروسز:
    - ملازمت یا ملازمت کا کوئی تربیتی پروگرام تلاش کرنے، عوامی مراعات کے لیے درخواست دینے، اپنے مالیات کا انتظام کرنے اور مزید بہت کچھ کرنے میں مدد حاصل کرنا۔

- بچوں کی نگہداشت، ماہرانہ مشاورت، بحران میں معاونت، ہیلتھ ہومز پروگرام اور ان جیسی مزید خدمات سے مربوط ہونا۔

اگر آپ دلچسپی رکھتے ہیں، تو براہ کرم ممبر سروسز کو کال کریں 800.303.9626 (TTY: 711). پیر تا جمعہ، صبح 8 تا شام 6 بجے تک اور بروز ہفتہ، صبح 9 تا شام 5 بجے تک کال کریں۔ MetroPlus Health آپ کو آپ کے اپنے علاقے میں موجود ایک SCN سے مربوط کر دے گا۔ سوشل کیئر نیویگیٹر آپ کی اہلیت کی تصدیق کرے گا، آپ کو ان خدمات کے بارے میں مزید بتائے گا اور ان سے مربوط ہونے میں آپ کی مدد کرے گا۔